UNHCR
The UN Refugee Agency

# چیکیا میں
# پناہ کی درخواست دینا



## پناہ تلاش کرنے والوں کے
## لئے معلوماتی کتابچہ

آپ اس صورت میں **پناہ (جسے بین الاقوامی تحفظ بھی** کہا جاتا ہے) کی درخواست دینے کا حق رکھتے ہیں، اگر آپ **نے ظلم و ستم، تشدد، انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں یا مسلح تصادمکے** خوف کی وجہ سے اپنا ملک چھوڑا تھا اور آپ وہاں واپس نہیں جا سکتے۔

بحیثیت پناہ حاصل کرنے والے شخص، **آپ کو کسی ایسے ملک واپس نہیں بھیجا جا سکتا، جہاں آپ کی زندگی یا آزادی کو خطرہ ہو۔**

اگر آپ **پناہ کے لئے درخواست نہیں دیتے**، تو آپ کے ساتھ دوسرے بیرون ملکیوں کے جیسا ہی سلوک ہوگا۔ اگر آپ کے پاس جائز پاس پورٹ یا ویزا نہ ہو تو ہو سکتا ہے کہ آپ کو اس ملک واپس بھیج دیا جائے جہاں سے آپ آئے تھے۔

# I. میں چیکیا میں کہاں اور کس طرح پناہ کی درخواست دے سکتا/سکتی ہوں؟

آپ کسی بین الاقوامی ہوائی اڈے یا چیکیا کے اندر پناہ کی درخواست دے سکتے ہیں۔

## a. ہوائی اڈے پر پناہ کی درخواست دینا

اگر آپ کسی **بین الاقوامی ہوائی اڈے** (خاص طور پر **Václav Havel ائیر پورٹ، پراگ**) آئے ہیں اور آپ پناہ کی درخواست دینا چاہتے ہیں، تو **آپ کو فوری طور پر پاس پورٹ کنٹرول پر موجود پولیس کے افسر کو بتانا چاہیے**۔ واضح طور پر بتائیں کہ آپ پناہ کے لئے کیوں درخواست دینا چاہتے ہیں؟ سچ بتانا ضروری ہے۔ پولیس کے افسران کو آپ کو اگلے مراحل کے متعلق معلومات دینی چاہیے تاکہ آپ رسمی طور پر درخواست دے سکیں۔ اگر آپ کو ضرورت ہو تو آپ انٹرپریٹر کی درخواست دے سکتے ہیں۔

پناہ کی درخواست دینے اور ابتدائی جانچ پڑتال مکمل ہونے کے بعد، آپ **کو ہوائی اڈے کے ٹرانزٹ ایریا میں استقبالیہ کے** مرکز لے جایا جائے گا۔ آپ کی پناہ کی درخواست کو وہاں مکمل کیا جائے گا۔



پناہ کی درخواست دینے کا ہمیشہ یہ مطلب نہیں ہوتا کہ آپ فوری طور پر چیکیا میں داخل ہو پائیں گے۔

بعض صورت میں آپ کی ایپلی کیشن پر **ہوائی اڈے کے استقبالیہ کے مرکز** میں کام کیا جائے گا۔ یہ ایک **بند مرکز** ہے۔ آپ قانونی مشاورت کا حق رکھتے ہیں۔

## b. چیکیا کے اندر سے پناہ کی درخواست دینا (اگر آپ ملک میں داخل ہو چکے ہیں)

**اگر آپ پہلے ہی چیکیا میں ہیں** تو آپ بیرون ملکی پولیس کے دفتر میں پناہ کی ایپلی کیشن دائر کر سکتے ہیں جو **Zastávka u Brna میں واقع استقبالیہ کے مرکز میں موجود ہے، جس کا پتہ یہ ہے:** Havířská 514، Zastávka، جو مرکز کے پچھلے دروازے سے آتا ہے۔

آپ کسی بھی بیرون ملکی پولیس کے دفتر پر بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ اس کے بعد پولیس آپ کو پناہ کے پراسیس کو جاری رکھنے کے لئے Zastávka u Brna کے استقبالیہ مرکز بھیجیں گے۔

اگر پولیس آپ کو روکے اور آپ کے پاس درست پاس پورٹ یا ویزا نہ ہو تو ہو سکتا ہے کہ آپ کو **بیرون ملکیوں کے لئے تحویل کی سہولت** میں رکھا جائے۔ اس صورت میں آپ **تحویل میں لیے جانے کے ۷ روز بعد** پناہ کی درخواست دے سکتے ہیں۔

پناہ کی درخواست کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کو تحویل سے رہائی مل جائے گی۔ حکام پہلے آپ کی پناہ مانگنے کی وجوہات پر غور کریں گے۔

آپ عدالت میں تحویل کے فیصلے کو چیلنج کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

## ۲. اگر میں یورپی یونین کے کسی دوسرے ملک میں پناہ کی درخواست کرنا چاہوں تو کیا ہوگا؟

یورپی یونین میں عام طور پر آپ پناہ کی درخواست کے ملک کا انتخاب خود نہیں کر سکتے۔ یورپی یونین کا کونسا ملک آپ کی پناہ کی درخواست کا ذمہ دار ہوگا، اس کا فیصلہ کرنے کے لئے قواعد موجود ہیں۔


**خاندانی اتحاد** ضروری ہے۔ اگر کسی دوسرے یورپی یونین کے ملک میں آپ کے قریبی رشتہ دار رہ رہے ہیں تو حکام کو بتائیں۔ اس کے علاوہ، اگر آپ پہلے یورپی یونین کے کسی دوسرے ملک میں رہ چکے ہیں یا وہاں سے سفر کر کے آئے ہیں تو اس صورت میں بھی حکام کو بتائیں۔ اگر یورپی یونین کا کوئی دوسرا ملک آپ کے کیس کا ذمہ دار ہو تو ہو سکتا ہے کہ آپ کو **اس ملک منتقل کیا جائے۔**

# ۳. پناہ کے پراسیس کے ابتدائی مراحل کیا ہیں؟



۱.

پولیس پہلے آپ کی شناخت کی تصدیق کریں گے، مثال کے طور پر آپ کی انگلیوں کے نشانات لیں گے اور آپ کی تصویر کھینچیں گے۔




۲.

آپ پناہ کے پراسیس کے ابتدائی اقدام مکمل کرنے کے لئے استقبالیہ مرکز پر جائیں گے۔ آپ درخواست کا فارم مکمل کریں گے، اور آپ کی شناخت اور طبی معائنہ ہوگا۔ اگر آپ کے پاس پاس پورٹ ہے تو حکام آپ کے پاس پورٹ کی نقل کریں گے۔

۳.

آپ کو پناہ تلاش کرنے والوں کے لئے شناختی کارڈ موصول ہوگا۔



٤.

اس کے بعد آپ کو پناہ کے انٹرویو کے لئے بلایا جائے گا۔ آپ اپنے کیس کو مضبوط بنانے کے لئے دستاویزات لا سکتے ہیں۔ ان مراحل کے دوران آپ کے ساتھ ایک انٹرپریٹر ہوگا۔

## ٤. کیا مجھے پناہ کے پراسیس کے دوران مدد مل سکتی ہے؟

آپ پناہ کے پراسیس میں کسی بھی وقت **مفت قانونی مشاورت** حاصل کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ وکلاء باقاعدگی کے ساتھ استقبالیہ اور قیام کے مراکز آتے ہیں۔ آپ کو نیچے یا مرکز میں ہمارے پارٹنر تنظیموں اور دیگر مفید روابط کے روابط مل سکتے ہیں۔

وکلاء پناہ کا پراسیس اور آپ کے حقوق کی وضاحت فراہم کر سکتے ہیں اور آپ کے سوالات کے جواب دے سکتے ہیں۔ وہ آپ کو انٹرویو کی تیاری میں مدد کر سکتے ہیں۔ آپ کی درخواست مسترد ہونے کی صورت میں وہ آپ کو اپیل لکھنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ بعض صورتوں میں وہ آپ کے پناہ کے انٹرویو میں آپ کے ساتھ بھی آ سکتے ہیں یا عدالت میں آپ کی نمائندگی بھی کر سکتے ہیں۔

## ٥. UNHCR کس طرح میری مدد کر سکتے ہیں؟

UNHCR دنیا بھر کے پناہ گزین اور بے ریاستی افراد کے تحفظ کا مینڈیٹ رکھتے ہیں۔ UNHCR پناہ تلاش کرنے والوں کے کیسز کے منصفانہ اور درست معائنے کو یقینی بنانے کے لئے پناہ کے پراسیسز پر نظر رکھتے ہیں۔ چیکیا میں UNHCR پناہ گزین کو معلومات فراہم کرنے کے لئے حکومت کے ساتھ اور پناہ گزین کو مفت قانونی معاونت فراہم کرنے والے پارٹنر تنظیموں کے ساتھ کام کرتے ہیں۔

بعض صورتوں میں UNHCR پناہ کے انٹرویو کے دوران موجود ہو کر کیس کی فائل کا معائنہ کر کے دیکھ سکتے ہیں کہ اس وقت پراسیس کس موڑ پر ہے (اگر آپ متفق ہوں)۔

آپ پناہ کے پراسیس کے دوران کسی بھی وقت بذریعہ ای میل UNHCR سے رابطہ بھی کر سکتے ہیں۔

# ٦. میں اپنے پناہ کے انٹرویو کی تیاری کس طرح کر سکتا/کر سکتی ہوں؟



## معیاری پراسیس میں دو انٹرویو شامل ہوتے ہیں، جن میں وزارت داخلہ سے پناہ اور ہجرت کی پالیسی کے محکمے سے تعلق رکھنے والے ایک افسر آپ سے سوالات پوچھیں گے:

۱. اپہلا انٹرویو مختصر ہوگا اور اس کا مقصد آپ کی پناہ کی ایپلی کیشن کو رجسٹر کرنا ہے۔ آپ سے چیکیا تک سفر اور اپنا ملک چھوڑنے کی وجوہات کے متعلق بنیادی سوالات پوچھے جائیں گے۔

۲. دوسرا انٹرویو کئی گھنٹے لمبا ہو سکتا ہے۔ آپ سے آپ کی زندگی اور ملک چھوڑنے اور واپس نہ جا پانے کی وجوہات کے متعلق مزید تفصیل حاصل کی جائے گی۔ ہو سکتا ہے کہ آپ سے آپ کے گھر والوں، پیشے اور دیگر ذاتی تفصیلات کے متعلق بھی سوالات ہوں۔

**یہ انٹرویو بہت ضروری ہے۔ آپ تیاری میں مدد کے لئے وکیل کی مدد کی درخواست کر سکتے ہیں۔ بعض صورتوں میں وکیل آپ کے ساتھ موجود ہو سکتا ہے۔** بعض اوقات اضافی انٹرویو بھی ہو سکتے ہیں۔

آپ کے لئے اپنے ملک چھوڑنے کی وجوہات اور خدشات کے متعلق زیادہ سے زیادہ تفصیل فراہم کرنا ضروری ہے۔ ایسا کوئی بھی ثبوت اور دستاویزات فراہم کرنے کو تیار رہیں جو آپ کے دعوے کو مضبوط بنا سکے۔

**آپ جو بھی بتائیں گے، اسے رازدار رکھا جائے گا، اس لئے اپنی ذاتی ہسٹری اور اپنے سفر کی کہانی بتانے سے مت گھبرائیں۔ چیک حکام آپ کے ملک کے ساتھ کئی معلومات شیئر نہیں کریں گے۔**

آپ انٹرویو کے دوران انٹرپریٹر کا حق رکھتے ہیں۔ اگر آپ کو انٹرپریٹر کی بات سمجھنے میں مشکل ہو رہی ہو تو براہ مہربانی یہ فورا بتائیں۔

افسر آپ کے انٹرویو کو ریکارڈ کریں گے اور آپ بھی اسے ریکارڈ کر سکتے ہیں۔ آپ انٹرویو کے دوران کسی بھی وقت وقفہ لینے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

انٹرویو کے اختتام پر آپ سے پوچھا جائے گا کہ کیا آپ تحریری ریکارڈ کا جائزہ لینا چاہتے ہیں۔ ہم ایسا کرنے کا مشورہ دیتے ہیں کیونکہ اس سے آپ کو اپنے جوابات واضح کرنے کا موقع ملے گا۔ آپ تحریری ریکارڈ کی تصویر کھینچنے کا بھی حق رکھتے ہیں۔ یہ آپ اور آپ کے وکیل کے لئے بھی فائدہ مند ہو سکتا ہے۔

# ۷. میں پناہ کے پراسیس کے دوران کہاں رہ سکتا/سکتی ہوں؟

آپ کے انٹرویو کے بعد، آپ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ کیا آپ کو **رہائش فراہم کرنے کی ضرورت ہے یا کیا آپ اپنے خرچے پر کہیں اور رہ سکتے ہیں۔** اگر آپ کو رہائش کی ضرورت ہو تو آپ کو چیکیا بھر میں تین رہائشی (قیام) مرکزوں میں سے کسی ایک میں جگہ دی جائے گی۔

**اگر آپ کہیں اور رہنے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ کو حکام کو اپنا پتہ دینا ہوگا** تاکہ وہ پناہ کے پراسیس کے سلسلے میں آپ سے رابطہ کر سکیں۔

بعض دفعہ آپ کے لئے وزیر داخلہ کی طرف سے مقرر کردہ مرکز میں رہنا ضروری ہوگا۔ آپ کو اپنے حقوق اور اپنی ذمہ داریوں کے متعلق معلومات موصول ہوگی۔

# ۸. پناہ کے پراسیس کے دوران میرے حقوق اور میری ذمہ داریاں کیا ہوں گی؟


## آپ کے حقوق

- پراسیس کے دوران چیکیا میں قیام
- بنیادی رہائش، کھانا، اور اگر ضروری ہو تو مالی معاونت ملنا
- بنیادی طبی امداد ملنا
- اپنی درخواست جمع کرنے کے ٦ مہینے بعد سے ملازمت شروع کرنا
- انٹرپریٹر کی درخواست کرنا
- مفت قانونی معاونت کی درخواست کرنا
- UNHCR سے رابطہ کرنا
- اگر ضروری ہو تو خصوصی معاونت حاصل کرنا

### آپ کی ذمہ داریاں

- حکام کے ساتھ مکمل تعاون کرنا
- اپنی یادداشت کے مطابق سچ بتانا
- اپنے اپوائنٹمینٹس پر آنا
- پناہ کے پراسیس کے دوران چیکیا یا (اگر قابل اطلاق ہو تو) متعین کردہ جائے قیام چھوڑ کر جانے سے گریز کرنا
- رابطے کی درست تفصیلات فراہم کرنا اور حکام کو تبدیلیوں (قیام وغیرہ) کے متعلق مطلع کرنا
- اپنی ایپلی کیشن کو مضبوط بنانے والے تمام دستاویزات پیش کرنا
- چیکیا کے قوانین کی پابندی کرنا
- اس بات کو یقینی بنانا کہ ۱۵ سال تک کی عمر کے بچے اسکول جائیں

## ۹. فیصلے میں کتنا وقت لگے گا؟




وزارت داخلہ عام طور پر **٦ مہینے** کے اندر آپ کی درخواست پر فیصلہ کرتی ہے۔

بعض دفعہ پراسیس میں زیادہ وقت لگتا ہے۔ اگر ایسا ہو تو حکام کو آپ کو بتانا چاہیے۔

اس کے برعکس، بعض دفعہ فیصلہ جلدی بھی ہو سکتا ہے، مثال کے طور پر اگر آپ کو تحویل میں لیا جائے یا اگر آپ ہوائی اڈے کے استقبال کے مرکز میں قیام کر رہے ہیں، تو آپ کو **۱۲ ہفتوں کے اندر** فیصلہ مل جانا چاہیے۔

## ۱۰. اگر مجھے تحفظ مل جائے تو کیا ہوگا؟

اگر حکام یہ طے کریں کہ آپ کے ملک واپسی کا خوف بجا ہے تو آپ کو پناہ یا ذیلی تحفظ دیا جائے گا۔

- اگر آپ **کو پناہ دی جائے (بطور پناہ گزین تسلیم کیا جائے)**، تو آپ کو 3 سال کے لئے چیکیا کا رہائشی پرمٹ دیا جائے گا۔ پناہ کے اسٹیٹسمیں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔
- اگر آپ کو **ذیلی تحفظ** دیا جائے، تو آپ کو کم از کم ایک سال کے لئے چیکیا کا رہائشی پرمٹ ملے گا۔ ذیلی تحفظ میں توسیع بھی ممکن ہے۔

دونوں صورتوں میں آپ انضمام کے سلسلے میں تعاون سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ اس میں ۲۱ مہینوں تک انضمام کے مراکز میں قیام، چیک زبان سیکھنے میں معاونت، ملازمت کی تلاش، اور سوشل ورکر کی طرف سے معاونت شامل ہیں۔

آپ کے قریبی رشتہ دار آپ کے ساتھ چیکیا میں رہنے کے لئے خاندانی ملاپ کی درخواست کا حق رکھتے ہیں۔

## ۱۱. اگر میری درخواست مسترد ہو جائے تو کیا ہوگا؟

**اگر آپ کی پناہ کی ایپلی کیشن مسترد ہو جائے تو آپ ۱۰ یا ۱۵ دن کے اندر(کیس کے لحاظ سے)** عدالت میں فیصلے کو اپیل کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ وکیل آپ کو اپیل کی تیاری میں مدد کر سکتے ہیں۔

## مفید روابط

(Organisation for Aid to Refugees (OPU)
پراگ، برنو، پلزین، ہراڈیک کرالو، اوسٹراوا میں دفاتر
ای میل: pravni@opu.cz
ٹیلی فون: 781 158 730 420+
ویب: www.opu.cz/en

Ombudsman (Public Defender of Rights)
ای میل: podatelna@ochrance.cz
ٹیلی فون: 888 542 542 420+
ویب: www.ochrance.cz/en

چیکیا میں (UNHCR)
ای میل:: contact_czechia@unhcr.org
ٹیلی فون: 832 050 800 (رایگان)
ویب: /help.unhcr.org/czech

UNHCR
The UN Refugee Agency

www.unhrc.org